PAPER CODE – 5022

1st ANNUAL 2023 نہم کلاس

اردو لازمی (حصہ معروضی) وقت = 20 منٹ

گروپ : دوسرا DGK-2-23 کل نمبر = 15

سوال نمبر: 1 ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1 | 1887ء میں کس سرکار نے الطاف حسین حالی کا وظیفہ مقرر کیا؟<br>(A) لکھنؤ (B) حیدر آباد (C) بجنور (D) بنگال |
| 2 | دیوان کی جمع ہے۔<br>(A) دیواناں (B) دیوانات (C) دیوانے (D) دواوین |
| 3 | کس نے کہا " جب خدا وہاں یہاں ایک ہے تو پھر ہمیں چھوڑتے ہو؟ "<br>(A) مرزا غالب (B) امام بخش (C) حیدر علی آتش (D) میر تقی میر |
| 4 | اکثر کون گھبرایا کرتا ہے؟<br>(A) مبتدی (B) چور (C) نالائق (D) جھوٹا |
| 5 | ادیان کی واحد ہے۔<br>(A) دینو (B) دنیا (C) دین (D) دینیات |
| 6 | کس کا رنگ بیاں سب سے جدا ہے؟<br>(A) امیر مینائی (B) الطاف حسین حالی (C) نظیر اکبر آبادی (D) حیدر علی آتش |
| 7 | چوزے کی یخنی بنوائے دیتی ہوں ـــــــــ چیز ہے۔<br>(A) مقوی (B) مائع (C) ٹھوس (D) نرم و گرم |
| 8 | اللہ کا گدا مگن رہتا ہے۔<br>(A) سکون میں (B) دنیا میں (C) سیر میں (D) کملی میں |
| 9 | نندوئی کی مؤنث ہے۔<br>(A) ندیا (B) نواسی (C) نند (D) نندائن |
| 10 | درویش کی صدا کیا ہے؟<br>(A) بھلا کر ترا بھلا ہوگا (B) انت بھلا سو بھلا (C) اللہ کے نام پر دو بابا (D) سب کا بھلا |
| 11 | تیرگی کا مترادف نہیں ہے۔<br>(A) ظلمت (B) اجالا (C) اندھیرا (D) تاریکی |
| 12 | شہدائے پشاور کا مسکن ہے۔<br>(A) ہر آنکھ (B) ہر گھر (C) ہر شہر (D) ہر دل |
| 13 | مضمون نگار نے امتحان دیا تو کتنے مضامین میں فیل ہو گیا؟<br>(A) ایک مضمون (B) دو مضامین (C) جملہ مضامین (D) تین مضامین |
| 14 | بُلبل ایک پرندہ ہے۔<br>(A) پالتو (B) روایتی (C) گھریلو (D) عاشق مزاج |
| 15 | قوت کا متضاد ہے۔<br>(A) موافق (B) ضُعف (C) قوی (D) طاقت |



ParhloPakistan.com

1st ANNUAL 2023 نہم کلاس

اردو

حصہ انشائیہ

وقت = 2 گھنٹے 10 منٹ

روپ : دوسرا

(حصہ اوّل) DGK-2-23

کل نمبر = 60

سوال نمبر:2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) 5x2=10

(حصہ نظم تین اشعار کی تشریح)

| | | |
|---|---|---|
| (الف) | جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سُلطانی | کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا |
| (ب) | سُنی ہم نے طوطی و بُلبل کی باتیں | ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے |
| (ج) | ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ | ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے |
| (د) | ہر جا بچھا رہا ہے سبزہ ہرے بچھونے | قدرت کے بچھ رہے ہیں ہر جا ہرے بچھونے |

(حصہ غزل دو اشعار کی تشریح)

| | | |
|---|---|---|
| (الف) | ہستی اپنی حباب کی سی ہے | یہ نمائش سراب کی سی ہے |
| (ب) | دلِ ناداں تجھے ہُوا کیا ہے | آخر اِس درد کی دوا کیا ہے |
| (ج) | عُمرِ دراز مانگ کے لائے تھے چار دن | دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں |

(حصہ دوم)

سوال نمبر: 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 5+5=10

(الف) یہی ہو گا کہ اس کے عام شوق وحشیانہ باتوں کی طرف مائل ہوتے جاویں گے۔ مزے دار کھانا اس کو پسند ہو گا، قمار بازی اور تماش بینی کا عادی ہو گا اور یہی سب باتیں اس کے وحشی بھائیوں میں بھی ہوتی ہیں۔

(ب) ہمارے نزدیک دیہاتی ہونا یا سمجھا جانا ایسی ناقابلِ برداشت، قباحت نہ تھی، چنانچہ ہم نے ہنسی ہنسی میں دیہاتی پن کے فضائل بیان کرنا شروع کیے اور اس بلاغت کے ساتھ کہ سلیم اور علی بخش دونوں مسکرا دیے اور باہم راضی ہو گئے۔

سوال نمبر: 4 درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 5x2=10

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنھا کون تھیں ؟ | 2 | مرزا غالب کو کونسا پھل پسند تھا اور یہ پھل اُن کو کون بھیجتا تھا ؟ |
| 3 | سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں ؟ | 4 | الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا ؟ |
| 5 | بھینس کا مشغلہ کیا ہے ؟ | 6 | اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے ؟ |
| 7 | خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن تھے ؟ | 8 | شاعر کا قلم کیا کام کرتا ہے ؟ |

سوال نمبر: 5 درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) ہجرت نبوی ﷺ (ب) آرام و سکون

سوال نمبر: 6 نظم " برسات کی بہاریں " کا مرکزی خیال یا خلاصہ اور شاعر کا نام لکھیے۔ 5

سوال نمبر: 7 کتابیں منگوانے کے لیے تاجرِ کتب کے نام خط لکھیے 10

یا

اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام سرٹیفکیٹ کے حصول کے لیے درخواست لکھیے۔

سوال نمبر: 8 " عادت کی خرابی " کے عنوان پر کہانی لکھیے۔ 5

یا

مریض اور ڈاکٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر: 9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) بارش میں کپڑے، جوتے، کتابیں سب کچھ بھیگ گئے (ii) یاسمین نے کیلا کھائے (iii) میں نے گاڑی کو اس کے مالک کو دی

(iv) دل نے چاہا تو سموسے ضرور کھاؤں گا (v) بچہ نے بہت رویا

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) کم خواب میں ــــــ (ii) بارہ برس دلی میں رہے ــــــ (iii) قاضی کے گھر کے چوہے ــــــ (iv) جس کی لاٹھی ــــــ (v) باسی کڑھی میں ــــــ



Parhlopakistan.com